**ASKAssure**

efu LIFE
Zaroori Hai



# ریٹائرمنٹ پلان

اس سے بہتر کوئی وقت نہیں کہ آپ ریٹائرمنٹ پلان آج ہی ترتیب دیں۔ مستقبل میں مالی تحفظ کے لئے ایک مستحکم ریٹائرمنٹ پلان بہت ضروری ہے تاکہ آپ اپنی ریٹائرمنت کے دنوں سے زیادہ سے زیادہ لطف اندوز ہوں۔ ریٹائرمنٹ پلان ایک ایسا موثر مالیاتی ذریعہ ہے جو ریٹائرمنٹ کے بعد آپ کو نہایت عمدہ طریقے سے زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ریٹائرمنٹ پر اس سرمائے کا 60 سال کی عمر میں پنشن کی ادائیگی کے لئے اطلاق ہوجاتا ہے

ذاتی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس منصوبے میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

## یونٹ ایکومولیشن اینڈ انویسٹمنٹ فنڈ:

اس پلان کے تحت جمع شدہ ہر پریمیم کو صارف کے انتخاب کے مطابق ای ایف یو لائف انٹرنل انویسٹمنٹ فنڈ میں لگایا جاتا ہے۔ اس رقم کو مروّجہ آفر پرائس پر فنڈ کے یونٹس خریدنے کیلئے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کی پیداوار کو ایک پُر وسعت متوازن تجارتی پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کرکے زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ اس فنڈ کی نگرانی سرمایہ کاری کرکے زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ اس فنڈ کی نگرانی سرمایہ کاری کے مواقع کی روشنی میں بنیادی سرمایہ کاریوں کی آمیزش کو ترتیب دیتے ہیں۔

## فنڈ کے انتخاب کی سہولت:

پالیسی ہولڈر کو کہ سہولت حاصل ہے کہ وہ سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر اپنے رسک / خدشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے کسی ایک فنڈ کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ پالیسی ہولڈر درجِ ذیل تین یونٹ فنڈز میں سے کسی بھی ایک فنڈ کا انتخاب کرسکتے ہیں (شرائط لاگو ہوں گی)۔

- ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ
- ای ایف یو گارینٹیڈ گروتھ فنڈ
- ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ

## رینج آف بینیفٹ آپشنز:

اس پلان میں درجِ بالا آپشنز میں سے کسی ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔ پلان کی مدت کے دوران اپنی کل قدر یا جزوی قدر واپس لی جاسکتی ہے۔ 60 سال کی عمر تک پہنچنے تک یا اس کے بعد یہ منصوبہ بیمہ شدہ شخص کو پنشن کے درج ذیل فوائد منتخب کرنے کی اجازت دیتا ہے:

۱۔ ایک یقینی مدت (مثال کے طور پر 10 سال) کے لئے قابلِ ادائیگی پنشن اور بعد میں جتنے عرصے تک بیمہ شدہ شخص زندہ رہے۔

۲۔ تاحیات پنشن کی ادائیگی جب تک بیمہ شدہ شخص زندہ رہے۔

۳۔ مشترکہ پنشن جس میں ابتدائی طور پر پنشن کی ادائیگی فرد کو کی جاتی ہے اور وفات کی صورت میں 50 فیصد ادائیگی بیوہ کو جاری رہتی ہے۔

فنڈ کی ضرورت کی صورت میں ریٹائرمنٹ پر 25 فیصد ریٹائرمنٹ فنڈ ویلیو کی جاسکتی ہے جبکہ بقایا 75 فیصد رقم کو درج بالا آپشنز کے مطابق استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## گارنٹیڈ لائلٹی بونس:

جتنا زیادہ عرصہ منصوبہ جاری رہے، اتنے ہی زیادہ فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اگر پلان بغیر کسی رکاوٹ کے 10 سال سے زیادہ جاری رہتا ہے تو اس سے فنڈ میں اضافی یونٹوں کی صورت میں گارنٹیڈ لائلٹی بونس بھی حاصل ہوگا۔ بونس کا تعین ہر 5 سال کے بعد کیا جائے گا اور مختص فنڈ میں بھی تیزی سے اضافہ ہوگا۔

## بلٹ ان ایکیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلٹی بینیفٹ:

اگر بیمہ شدہ شخص کسی حادثے کے باعث وفات یا کسی معذوری کا شکار ہوجائے تو یہ منصوبہ فوری فنڈ فراہم کرتا ہے، ادا کی جانے والی رقم بنیادی سالانہ پریمیم کا دس گنا تک ہوسکتی ہے جس کی زیادہ سے زیادہ حد پچاس لاکھ روپے ہے۔

## فنڈ ایکسیلریشن پریمیم:

یہ ریگولر پریمیم کا پلان ہے جو آپ کو اپنی بچت کو مزید بڑھانے کی لچک بھی مہیا کرتا ہے جسے آپ بچائے ہوئے اضافی فنڈ حصوں کے طور پر منصوبے میں جمع کرا کے حاصل کرسکتے ہیں جسے "فنڈ ایکسیلریشن پریمیم" کہتے ہیں۔ یہ فنڈ پالیسی مدت کے دوران کسی بھی وقت جمع کرایا جاسکتا ہے۔

فنڈ ایکسیلریشن پریمیم کی ادائیگی کے لئے کم از کم پریمیم 18,000 روپے ہے۔

## وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد (ڈیتھ بینیفٹ)

جیسے ہی کوئی فرد ریٹائرمنٹ پلان کے تحت بچت شروع کرتا ہے اسکو حیات بیمے کے تحفظ کا یقینی درجہ حاصل ہوجائے گا، اس تحفظ کا مطلب وفات کی صورت میں اس فرد کے زیرِ کفالت افراد کا تحفظ ہے:

تاریخ وفات پر منصوبے کی نقد قدر یا بیمہ کردہ رقم دونوں میں سے جو زائد ہو

فنڈ ایکسلریشن پریمیم کی ادائیگیوں کی نقدر، اگر کوئی ہے۔

## بچت تک ہر وقت رسائی:

پلان کے تحت مجموعی بچت تک مکمل رسائی حاصل ہے دو سال کے پریمیم کی ادائیگی کے بعد فنڈ کو جزوی یا مکمل نکلوایا جاسکتا ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ شروع کے سالوں میں رقم نکلوانا کیش ویلیوز پر اثر انداز ہوگا۔

## ایڈیشنل بینیفٹ رائڈرز:

مختلف ایڈیشنل بینیفٹ رائڈرز دستیاب ہیں جو تحفظ کے درجہ کو بڑھانے کیلئے بنیادی منصوبے سے منسلک کئے جاسکتے ہیں وہ یہ ہیں:

- ویور آف پریمیم
- ایڈیشنل ٹرم اشورنس
- فیملی انکم بینیفٹ

## اہم تفصیلات:

### اہلیت اور پلان کی مدت

اس پلان میں شامل ہونے کے لئے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 18 سے 60 سال ہے۔

بچت کی کم از کم مدت 10 سال جبکہ زیادہ سے زیادہ 45 سال ہے۔ بچت کی مدت کو اس طریقے سے منتخب کیا جائے کہ بچت کی مدت کے اختتام پر کسٹمر کی عمر 60 سے 70 سال کے درمیان ہو۔

## پریمیم کی حد:

بنیادی پلان کے لئے کم از کم سالانہ ریگولر پریمیم 18,000 روپے ہے۔

## سم اشورڈ:

وفات کی صورت میں، یقینی قابل ادائیگی رقم ہے، بیمہ کردہ رقم کا تعین بنیادی منصوبے کے سالانہ پریمیم کو "پروٹیکشن ملٹی پل" سے ضرب کر کے کیا جاتا ہے۔ جو درج ذیل فہرست سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔

| عمر | پروٹیکشن ملٹی پل |
|---|---|
| 18 - 49 | 5 سے 35 |
| 50 - 60 | 10 سے (70۔عمر) |

## ایلوکیشن فیصد:

یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے حصے کا تناسب پالیسی سال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے جو درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 1 | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد |
| 3 | 90 فیصد |
| 4 سے 10 | 100 فیصد |
| 11 اور اس سے زیادہ | 100 فیصد + اضافی لائلٹی بونس ایلوکیشن |

## لائلٹی بونس ایلوکیشن:

لائلٹی بونس ایلوکیشن کی تقسیم کا اطلاق پالیسی کے گیارہویں سال سے شروع ہوکر ہر پانچویں سال پر ہوتا ہے، بونس کی تقسیم، اس سال سے فوری قبل جس میں لائلٹی بونس ایلوکیشن کو تقسیم ہونا ہے، پالیسی سال میں ادا شدہ بنیادی منصوبے کے حصے کی ایک (مقررہ) فیصد ہے۔

بنیادی پلان کنٹری بیوشن کے علاوہ، اضافی یونٹس کی تقسیم درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 11 | 30 فیصد |
| 16 | 45 فیصد |
| 21 | 60 فیصد |
| 26 | 75 فیصد |
| 31 | 90 فیصد |
| اور اسی تناسب سے بعد کے سالوں پر | |

## فری لُک پریڈ:

پالیسی کے اجرا کی تاریخ سے 14 دن کے اندر اگر آپ اپنی پالیسی منسوخ کرتے ہیں، تو آپ کو میڈیکل ٹیسٹ کی مد میں ای ایف یو لائف کی جانب سے کئے جانے والے اخراجات کی کٹوتی کے بعد تمام پریمیم واپس کردیا جائے گا۔

## افراطِ زر سے تحفظ:

انڈیکسیشن بینیفٹ کے تحت، آپ کو تحفظ کے ساتھ ذہنی سکون بھی ہوگا کہ پلان میں دیئے گئے فوائد ہر سال افراطِ زر کے تحت بڑھتے جائیں گے۔

اس آپشن کے تحت ہر سال پریمیم 5 فیصد بڑھ جائے گا۔ اسی طرح بنیادی پلان کا سم اشورڈ اور اضافی رائیڈرز، اگر کوئی ہے، بھی اسی طریقے سے بڑھ جائیں گے۔ اگر چہ سم اشورڈ کو اُسی حد پر رکھتے ہوئے صرف پریمیم کو بڑھایا جاسکتا ہے

## چارجز:

پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

| | |
|---|---|
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز: | فنڈ کی رقم 0.125 فیصد ماہانہ |
| بڈ آفر اسپریڈ: | مجموعی ریگولر کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| انتظامی اخراجات: | 50 روپے ماہانہ |

## ڈسکلیمر:

- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کی ہے۔ عسکری بینک یا اس سے منسلک اداروں نے نہ ہی اس کی ضمانت دی ہے اور نہ ہی اس کی انشورنس کی ہے نیز یہ عسکری بینک کی پراڈکٹ نہیں ہے۔
- یہ پراڈکٹ ای ایف لائف کی پیش کردہ ہے، عسکری بینک اپنے قابلِ قدر صارفین کے لئے اس پراڈکٹ کا تقسیم کار ہے۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کے مستقبل کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشن گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں ہے، نہ ای ایف یو لائف اور عسکری بینک اس کے لئے کوئی ذمہ داری قبول کرینگے۔
- منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری میں کارکردگی کا رسک بیمہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔
- ہمارا سیلز نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک (انفرادی) تشریح مہیا کرے گا، برائے مہربانی مختلف شرائط و ضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کے لئے تشریح میں دیے گئے نوٹس کو غور سے پڑھیئے۔
- بینک کے شیڈول آف چارجز یا متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکسز کے قوانین کے تحت سروس چارجز اور ٹیکس کا اطلاق ہوگا۔
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے، اسے پالیسی کے قواعد و شرائط میں بیان کیا گیا ہے، پراڈکٹ کا یہ بروشر (کتابچہ) اس کے خدوخال اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔
- پالیسی سے متعلقہ کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں آپ ای ایف یو لائف اشورنس میں (021-111-338-111) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔
- پالیسی سے متعلق تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف ای ایف یو لائف کی ذمہ داری ہے۔


**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street, Phase I,
DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111) Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com

**ASKARI BANK LIMITED**
AWT Plaza, The Mall, P.O. Box 1084, Rawalpindi.
Call Center: 0800-00078 Website: www.askaribank.com.pk